لاہوری نے کئی کتابچے شائع کئے ہیں جن میں قرآن و سنت اور فقہ حنفی کی روشنی میں احمدیوں کو مسلمان قرار دینے کی کوشش کی ہے۔ لیکن اس میں اپنے اصل عقائد کو مخفی رکھ کر اپنے آپ کو مسلمان ثابت کیا ہے۔ کیا ان میں اتنی اخلاقی جرأت ہے کہ وہ اپنے ان اصل عقائد اور مرزا کے سینکڑوں دعووں کو قرآن و سنت کی روشنی میں سچے ثابت کر سکیں۔

مولانا حکیم عبدالحق ؒ۔ ٹانک

حضرت مولانا حکیم عبدالحق ؒ فاضل دیوبند سابق امیر جمعیۃ العلماء اسلام ڈیرہ اسماعیل خان سکنہ توران علاقہ ٹانک کا تقریباً ۵۵ سال کی عمر میں ۲۸ جون ۷۷ء بروز جمعہ انتقال ہو گیا۔ مرحوم نہایت ذہین و فطین عالم تھے ساری زندگی علمی، عملی، سیاسی اور دینی خدمات میں گذاری۔ قید و بند کی صعوبتیں بھی اٹھائیں۔ مولانا مفتی محمود صاحب کے مرشد حضرت حافظ عبدالعزیز قدس سرہ خانقاہ یٰسین زئی پٹیالہ سے ارادت کا تعلق تھا۔ کتب تصوف و تفسیر سے خاص شغف تھا۔ مسائل میں لوگ آپ کی طرف رجوع کرتے۔ ایام مرض وفات میں معارف اولیاء الرحمان کے نام سے ایک مجموعہ مرتب فرمایا۔ اور ایک عجیب وصیت نامہ بھی۔
جمعیۃ العلماء اسلام کے نہایت سرگرم کارکن تھے۔ اور نہایت حاذق طبیب بھی۔ حق تعالیٰ مرحوم کو بہترین مقامات قرب سے نوازے۔ قارئین سے دعاؤں کی درخواست ہے۔ (ادارۃ الحق)

درخواست دعا

۹ جمادی الثانیہ کو مغرب کی سنتوں میں میری والدہ ماجدہ تقریباً ۱۱۰ سال کی عمر میں واصل بحق ہو گئیں مرحومہ نہایت عابدہ زاہدہ تھیں۔ مرحومہ کے شوہر ایک بہادر مجاہد تھے۔ جو مجاہد اعظم حاجی صاحب ترنگ زئی ؒ کے ساتھ بونیر کے جہاد میں شہید ہوئے۔ میرے والد کی شہادت کے بعد مرحومہ نے بڑی تکالیف کے اوقات نہایت صبر سے گذارے۔ تمام قارئین سے دعا کی اپیل ہے۔
(حافظ سید احمد شاہ دار العلوم عربیہ گجرات)